ان جراثیم کو نکالنے کی کوشش کریں اور بوقت درس طلبہ کو ان سازشوں سے آگاہ و خبردار کریں تاکہ ہماری نوجوان نسل صحیح طور پر اسلامی تہذیب و تمدن سے آراستہ ہوسکے اور اپنے اسلاف کی صحیح جانشین بن سکے۔

وما علینا الا البلاغ

اک چراغ اور بجھا اور بڑھی تاریکی

پرچے کی کاپیاں پریس میں جارہی تھیں کہ یہ اندوہناک خبر ملی کہ شیخ الحدیث مولانا ابوالبرکات احمد انتقال فرما گئے ہیں۔ **انا للہ وانا علیہ راجعون**

مولانا ابوالبرکات احمد صاحب شہید اسلام علامہ احسان الٰہی ظہیر اور بے شمار جید علمائے اہل حدیث کے استاد تھے۔ اور قحط الرجال کے اس دور میں ان کی ذات علم و عمل کا ایک عظیم نمونہ تھی جن کا خلا شائد مدتوں پر نہ کیا جا سکے گا۔ آپ محدث عصر حافظ محمد گوندلویؒ کے شاگرد رشید تھے اور مدتوں حدیث کی خدمت کر کے اپنے حق شاگردی کو خوب نبھایا۔

(تفصیلات آئندہ شمارہ میں)